2025-01-18

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

1- وزیر اعظم نریندر مودی Svamitva اسکیم کے تحت آج 50 ہزار گاؤوں کے مستفیدین میں، 65 لاکھ سے زیادہ پراپرٹی کارڈز تقسیم کریں گے۔

2- پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس صدر جمہوریہ کے خطاب کے ساتھ، 31 جنوری سے شروع ہوگا۔ مرکزی بجٹ ایک فروری کو پیش کیا جائے گا۔

3- وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے، عالمی اُتھل پُتھل کے دوران ملک کے جارحانہ اور دفاعی ردِّ عمل کو مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

4- بین الاقوامی مالیاتی فنڈ IMF نے، اگلے دو اقتصادی سالوں کے لیے بھارت کی شرح نمو کے ساڑھے چھ فیصد رہنے کے اپنے اندازے کو برقرار رکھا ہے۔

5- امریکہ کی سپریم کورٹ نے، چینی پیرینٹ کمپنی کی جانب سے ٹِک ٹاک پلیٹ فارم کو فروخت نہ کیے جانے کی صورت میں، کل سے امریکہ میں ٹِک ٹاک پر عائد کی جانے والی پابندی کے قانون کو برقرار رکھا ہے۔

6- اور کھو کھو عالمی کپ میں، نئی دلّی میں،

بھارت کے مردوں اور خواتین کی ٹیمیں سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

اب خبریں تفصیل سے۔

MP PM Benefits

مدھیہ پردیش میں، 15 لاکھ 63 ہزار سے زیادہ مستفیدین، Svamitva اسکیم کے تحت وزیر اعظم سے پراپرٹی کارڈ حاصل کریں گے۔ ای-تقسیم تقریب کے تحت مستفیدین کو، آج پراپرٹی کارڈ فراہم کیے جائیں گے۔ یہ پہل ملک کے دیہاتوں کو بااختیار بنانے اور حکمرانی کے سفر میں قابلِ ذکر سنگِ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ یہ اسکیم دیہی بھارت کے معاشی بدلاؤ کے ذریعے دیہی آبادی کے علاقوں میں املاک کے مالکان کو حقوق کے ریکارڈ فراہم کرنے پر مرکوز ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Sanjeev Sharma

اس دوران وزیر اعظم مستفیدین سے ورچوئل طریقے سے بات چیت بھی کریں گے۔ مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو، سیونی میں ریاستی سطح کی تقریب میں موجود رہیں گے۔ مدھیہ پردیش کے ضلع ہیڈکوارٹرز بھی پراپرٹی کارڈ تقسیم سے متعلق تقریبات منعقد کریں گے، جس میں مرکزی اور ریاستی وزراء، اراکین پارلیمنٹ اور اراکین اسمبلی شرکت کریں گے۔ اندازے کے مطابق مدھیہ پردیش کی تقریباً 45 لاکھ 60 ہزار املاک میں سے 39 لاکھ 63 ہزار پراپرٹی کارڈز تیار کیے جا چکے ہیں اور اب تک 24 لاکھ کارڈز تقسیم کیے جا چکے ہیں۔

بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .................

Par Budget Session

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس 31 جنوری سے شروع ہوگا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 31 جنوری کو لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کریں گی۔ مرکزی بجٹ یکم فروری کو پیش کیا جائے گا۔ بجٹ اجلاس کا پہلا حصہ 31 جنوری سے 13 فروری تک جبکہ دوسرا حصہ 10 مارچ سے 4 اپریل تک ہوگا۔x

PM Digantra

وزیرعظم جناب نریندر مودی نے مشن SCOTکی کامیابی کے لیے بھارتی خلائی اسٹارٹ اپ Digantra کی تعریف کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ خلائی صورتحال سے متعلق بیداری میں اضافہ کرنے کی سمت میں بھارتی خلائی صنعت کی ترقی میں مذکورہ اشارٹ اپس کے اہم تعاون ہے۔ مشنSCOT یعنی Object کا پتہ لگانے کے لیے اسپیس کیمرہ دنیا کا پہلا کمرشیل خلائی Situationals آگاہی سیٹیلائٹ ہے۔ یہ سیٹیلائٹ کرہئ ارض کی نچلے مدار کو بہتر طور پر نگرانی کرے گی۔

ایک دیگر سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم پی ایم انٹرن شپ اسکیم کے حوصلہ افزا نتائج پر مسرت کا اظہار کیا۔ انھوں نے کہا کہ نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور مستقبل کے لیے تیار ورک فورس کے تئیں یہ ایک بڑا قدم ہے۔

جناب مودی نے مصنوعی ذہانت کو اپنانے میں بھارت کے عالمی لیڈر کے طوپر ابھرنے پر خوشی کا اظہار کی۔x

Rev. Rajnath Defensive

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے، دفاعی اور سلامتی منظرنامے میں بڑھتی کشیدگی کے مدِّ نظر ملک کے جارحانہ اور دفاعی ردِّ عمل کو مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی دفاعی افواج میں وقت کے ساتھ پیچیدگیاں بڑھتی جا رہی ہیں۔ وزیر دفاع کل نئی دلّی میں سال 2024 کو بحری شہریوں کے سال کے طور پر منائے جانے کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

S/B 0815 - Rajnath Singh

جناب سنگھ نے زور دیا کہ فوج ایک پیچیدہ ڈھانچے اور وسیع اختیارات کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حب الوطنی، بہادری اور نظم و ضبط، ملک کو لاحق خطرات سے محفوظ رکھنے اور چیلنجوں سے نمٹنے کی فوجیوں کی ذمہ داری کو پورا کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ ×

IMF Growth Projection

بین الاقوامی مالی ادارہ، IMF نے اگلے دو مالی سالوں، 2025-26 اور 2026-27 کے لیے بھارت کی شرح ترقی کے چھ اعشاریہ پانچ فیصد پر برقرار رہنے کا تخمینہ لگایاہے جو کہ اس کی صلاحیت کے عین مطابق ہے۔ IMFنے کل جاری کئے گئے اپنے عالمی اقتصادی جائزے میں اس حالیہ پیش رفت کے بارے میں بتایا۔ IMF کے مطابق بھارت نے دنیا کی عظیم معیشتوں کے مابین تیز رفتار شرح ترقی کو برقرار رکھا ہے۔

اس دوران IMF نے 2025 اور 2026 میں عالمی شرح ترقی اندازہ تین اعشاریہ تین فیصد لگایا ہے جو تاریخی اوسط تین اعشاریہ سات فیصد سے کم ہے۔

Vaishnaw RINL

اقتصادی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی نے راشٹریہ اسپات نگم لمیٹڈ RINL کیلئے 11 ہزار 440 کروڑ روپئے کے بحالی پیکیج کی منظوری دی ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ بحالی پیکیج کی منظوری کَل کی کابینہ میٹنگ میں ہوئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ RINL ملک کے اسٹیل شعبے کی ایک اہم کمپنی ہے جو آندھراپردیش میں واقع ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ اِس پیکیج کی مدد سے RINL کے تمام ملازمین کے ساتھ ساتھ RINL کی اقتصادی کارروائیوں سے متعلق تمام لوگوں کو بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔

S/B Ashwini Vaishnaw

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

.Odisha Singapore Prez

اوڈیشہ سرکار نے ہنرمندی کی ترقی، سبز توانائی، اور صنعتی پارک کی ترقی سمیت مختلف شعبوں میں اشتراک کے لیے سنگاپور کی تنظیموں کے ساتھ 8 مفاہمت ناموں پر دستخط کیے ہیں۔ ان مفاہمت ناموں پر بھبنیشور میں اوڈیشہ کے وزیراعلیٰ ہن چرن مانجھی اور سنگاپور کے صدر تھرمن شان موگارتنم کی موجودگی میں دستخط کیے گئے۔ سنگاپور کے صدر کل سے اوڈیشہ کے اپنے دو روزہ دورے پر ہیں۔ان کے ہمراہ وزراء، پارلیمانی اراکین، اعلیٰ عہدیداروں سمیت اعلی سطح کا وفد بھی ہے۔x

Morn Sports Awardes Reaction

قومی کھیلوں کے ایوارڈ یافتگان نے نئی دلّی میں راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ کے ہاتھوں باوقار ایوارڈ سے نوازے جانے پر خوشی و مسرت کا اظہار کیا ہے۔ آکاشوانی سے خصوصی طور پر بات چیت کرتے ہوئے ارجن ایوارڈ یافتہ اور پیرس پیرا اولمپک میں سونے کا تمغہ جیتنے والے ایتھلیٹ نو دیپ سنگھ نے کہا کہ انہوں نے کئی چیلنجوں کا سامنا کیا، جن میں سب سے بڑا چیلنج اندرونی جدوجہد سے نمٹنا اور خود کو ثابت کرنا تھا۔

S/B Navdeep

آکاشوانی نیوز سے اظہار خیال کرتے ہوئے Dronacharya ایوارڈ یافتہ، اور نشانے بازی کی کوچ دیپالی دیش پانڈے نے کہا کہ کھلاڑی کامیابیوں سے زیادہ ناکامیوں سے گزرتے ہیں اور ایک کوچ کے طور پر یہ ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ناکامیابی ان پر منفی اثر نہ ڈالیں بلکہ انہیں سیکھنے کا موقع فراہم کرے۔

S/B Deepali

Goyal Brussels Visit

تجارت و صنعت کے وزیر، پیوش گوئل آج سے برسلز کے اپنے تین روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔ دورے کے دوران وزیر موصوف نے یوروپی کمیشن برائے تجارت و اقتصادی سیکیورٹی کے کمشنر Maros Sefcovic کے ساتھ اعلی سطح کے مذاکرات بھی کریں گے۔

وزارت کی جانب سے جاری بیان کے مطابق میٹنگ کے دوران توقع ہے کہ دونوں لیڈر، بھارت یوروپی یونین آزاد تجارت سمجھوتے (FTA) سے متعلق مذاکرات اور دیگر دو طرفہ تجارتی معاملات سمیت وسیع موضوعات پر تبادلہ خیال کریں گے۔ توقع ہے کہ دونوں رہنما تجارت میں روکاوٹوں کے تناظر میں عالمی اقتصادی صورتحال پر بھی بات چیت کریں گے۔

یہ میٹنگ FTA مذاکرات کو سیاسی سمت فراہم کرے گی اور تجارتی لحاظ سے اہم مساوی، متوازن، اہم، باہمی مفاد کے سمجھوتوں کے امکانات کو تلاش کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔

اس موقع پر، تجارت و صنعت کے وزیر کا عالمی تجارتی تنظیم کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر Ngozi Okonyo Iweala اور بیلجیئم کے خارجی امور، یوروپی امور اور غیر ملکی تجارت کے وزیر Bernard Quintin سے ملاقات کا بھی امکان ہے۔ جناب گوئل بیلجیم کے صنعتی نمائندوں اور بھارتی برادری سے بھی بات چیت کریں گے۔x

Delhi Elec. Secretary

70 اراکین پر مشتمل دلّی اسمبلی کے انتخابات کے لیے نامزدگی کے کاغذات کی جانچ پڑتال کا عمل آج کیا جائے گا۔ دلّی اسمبلی کے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل کل ختم ہو گیا تھا۔ کل ایک ہزار سے زیادہ امیدواروں نے اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے ہیں۔ کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کے کل آخری دن بی جے پی کی امیدوار شِکھا رائے اور نیرج Basoya نے اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے۔ عام آدمی پارٹی کے اودھ اوجھا، راکھی بِدلان اور بندنا کماری بھی اپنے کاغذاتِ داخل کرنے والوں میں شامل ہیں۔ پیر کو نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ ہے۔ دلّی اسمبلی چناؤ کے لیے اگلے ماہ کی 5 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے اور 8 فروری کو گنتی کی جائے گی۔x

Saif Ali Khan Attack

فلم اداکار سیف علی خان پر اُن کی باندرہ رہائش گاہ پر ہوئے چاقو حملے کے سلسلے میں، ممبئی پولیس نے، کارپینٹر سے پوچھ تاچھ کی ہے۔ یہ کارپینٹر، جس کی پہچان وارث علی سلمانی کے طور پر ہوئی ہے، سے کل باندرہ پولیس اسٹیشن میں پوچھ تاچھ کی گئی۔ اس شخص کے چہرے کے نقوش اُس مشتبہ حملہ آور سے مماثلت رکھتے ہیں، جسے عمارت سے فرار ہوتے وقت CCTV کیمروں نے قید کیا تھا۔

فلم اداکار بدھ کی دیر رات اُس وقت زخمی ہو گئے تھے، جب ایک درانداز نے باندرہ میں واقع اُن کی رہائش گاہ میں دراندازی کی اور اُن پر حملہ کیا۔ اس کے بعد سیف علی خان کو لیلاوتی اسپتال لے جایا گیا، جہاں اُن کی سرجری کی گئی۔ فی الحال وہ خطرے سے باہر ہیں۔ پولیس کی جانب سے تحقیقات جاری ہیں۔

لیلاوتی اسپتال کے ڈاکٹر نتن ڈانگے نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اداکار روبہئ صحت ہیں اور اُنہیں سرجری کے بعد انتہائی نگہداشت والے یونٹ میں منتقل کر دیا گیا ہے۔

اس دوران مہاراشٹر کے داخلی امور کے وزیر مملکت  یوگیش کدم نے کہا کہ بادی النظر میں لگتا ہے کہ واقعے کا اصل مقصد لوٹ مار ہی تھا۔ انہوں نے واضح کیا کہ اس چاقو حملے میں، کسی انڈر ورلڈ گینگ کا ہاتھ نظر نہیں آتا۔

مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دویندر فڑنویس نے کل کہا ہے کہ پولیس کو سیف علی خان پر حملے کے سلسلے میں کئی سراغ ملے ہیں اور ملزم کو جلد ہی گرفتار کر لیا جائے گا۔×

RBI Nomination

بھارتیہ ریزرو بینک نے اس بات کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ بڑی تعداد میں کھاتوں میں نامزدگی نہیں کی گئی ہے بینکوں سے کہا ہے کہ وہ صارفین کے نئے اور موجودہ سبھی جمع کھاتوں اور سیفٹی لاکرز میں نامزدگی کا عمل کرنے کو یقینی بنائیں۔ نامزد کرنے کا مقصد کھاتے دار کی موت ہوجانے کی صورت میں اہلِ خانہ کی دعوے کو تیزی سے نمٹانے میں سہولت پیدا کرنا ہے۔x

CAQM Grap

ہوا کے معیار کے بندوبست سے متعلق کمیشن، CAQM نے دلّی میں ہوا کے معیار میں بہتری کے تناظر میں Graded Response Action Plan، گریپ کے مرحلہ تین کے تحت عائد پابندیوں کو ہٹانے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ فیصلہ پورے قومی راجدھانی خطّے میں فوری طور پر نافذ العمل ہوگا۔ تاہم مرحلہ دو اور مرحلہ ایک کی سبھی شقیں براقرار رہیں گی۔ اِن شقوں کے نفاذ میں تیزی آئے گی، اُن کی نگرانی کی جائے گی اور سبھی متعلقہ ایجنسیوں کی جانب سے اُن کا جائزہ لیا جائے گا، تاکہ آنے والے دنوں میں پورے قومی راجدھانی خطّے میں ہوا کے معیار میں مزید گراوٹ نہ آئے۔×

Bihar JPC Visit

وقف ترمیمی بل 2024 سے متعلق مشترکہ پارلیمانی کمیٹی، JPC آج بہار کے پٹنہ میں، تبادلہئ خیال کرے گی۔ سینئر رکن پارلیمنٹ جگدمبیکا پال کی صدارت میں یہ کمیٹی، ریاست کے سُنّی اور شیعہ وقف بورڈز کے نمائندوں سمیت مختلف شراکت داروں سے مشاورت کرے گی۔ اِن مشاورتوں اور جانچ کا مقصد، وقف قانون کی اُن مجوزہ ترمیمات کو مزید بہتر بنانا ہے، جس کے ذریعے ملک بھر کی لاکھوں رجسٹرڈ وقف جائدادوں کا بندوبست کیا جاتا ہے۔ اس معاملے میں مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے قیام کے بعد سے، کمیٹی نے ملک بھر کے مختلف شہروں کا دورہ کیا اور مختلف شراکت داروں کی رائے، تجاویز اور اعتراضات سے واقفیت حاصل کی۔ 21 جنوری تک کے اپنے تین روزہ دورے میں، پارلیمانی کمیٹی ٹیم کولکاتہ اور لکھنؤ بھی جائے گی۔ ×

Tiktok

امریکی سپریم کورٹ نے اس وفاقی قانون کو برقرار رکھا ہے جس کے تحت ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم Tiktok پر اس وقت تک ملک گیر پابندی عائد کرنے کی تجویز پیش کی گئی ہے جب تک کہ چین کی ملکیت والے اس سوشل میڈیا کو کسی امریکی کمپنی کو فروخت نہ کردیا جائے۔ یہ پابندی کل سے عائد ہوگی۔ کل اتفاقِ رائے سے یہ حکم جاری کیا گیا جس میں کانگریس اور محکمہئ انصاف نے حوالہ دیا کہ چینی کمپنی Byte dance کا پلیٹ

فارم ٹک ٹاک قومی سلامتی کے لیے ایک خطرہ ہے۔ عدالت میں امریکی قانون سازوں نے دلیل پیش کی کہ اس App کو چینی کمیونسٹ پارٹی غلط پروپیگنڈہ اور صارفین کے ساتھ ہیرا پھیری کے لیے استعمال کر سکتی ہے۔

عدالت نے ٹک ٹاک کے بیجنگ کے ساتھ تعلقات کا حوالہ دیتے ہوئے اس پر پابندی عائد کیے جانے کو جائز قرار دیا۔

اس دوران ٹک ٹاک نے یہ دعوی کیا ہے کہ اس App کو فروخت کیا جانا تجارتی اور قانونی دونوں طرح سے ہی ناقابل عمل ہے۔ 17 کروڑ امریکیوں کے ذریعے استعمال کیے جانے والا Tiktok کل سے امریکہ میں App اسٹورس میں ڈاؤن لوڈ کئے جانے کے لیے دستیاب نہیں ہوگا۔

Content تخلیقی کرنے والوں، اظہارِ خیال کی آزادی کے حامیوں اور شہری آزادی سے متعلق تنظیموں نے اس فیصلے کی مخالفت ظاہر کی ہے۔ ان کا خیال ہے کہ پابندی عائد کیا جانا سینسر شپ کے مترادف ہے اور ایک پریشانی کن نظیر ہے۔

Tiktok پر ملک گیر پابندی عائد کرنے والوں میں اب بھارت کے ساتھ امریکہ بھی شامل ہو گیا ہے۔ کئی دیگر ملک جیسے برطانیہ، آسٹریلیا، بیلجیم، کناڈا، فرانس اور نیدر لینڈس نے بھی سرکاری آلات پر اس ایپ کے استعمال پر بندش عائد کردی ہے۔ انھیں اندیشہ ہے کہ چینTiktok کو جاسوسی کے لیے استعمال کر سکتا ہے۔

Rev. Khokho World Cup

نئی دلی میں جاری کھوکھو عالمی کپ 2025 میں بھارتی مردوں اور خواتین کی ٹیمیں سیمی فائنلز میں پہنچ گئی ہیں۔ دونوں ٹیموں نے پورے ٹورنامنٹ کے دوران سبھی میچوں میں جیت حاصل کرکے غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔

سیمی فائنلز میں بھارتی مردوں اور خواتین دونوں ٹیموں کا مقابلہ اُن کے بالترتیب فکسچرس میچوں میں ساؤتھ افریقہ سے ہوگا۔ یہ میچ اندرا گاندھی اندور اسٹیڈیم میں

کھیلے جائیں گے۔ خواتین ٹیم کا میچ شام سات بجے شروع ہوگا جس کے بعد رات سوا آٹھ بجے مردوں کا سیمی فائنل میچ کھیلا جائے گا۔

خواتین کے دیگر سیمی فائنلز میں نیپال اور یوگینڈا کے درمیان میچ شام چار بج کر تیس منٹ پر کھیلا جائے گا۔

اس کے بعد اسی مقام پر نوک آؤٹ فکسچر میں نیپال کی مردوں کی ٹیم کا مقابلہ ایران سے ہوگا۔

بھارتی مردوں کی ٹیم نے کل اندرا گاندھی اندور اسٹیڈیم میں سری لنکا پر شاندار 100-40 کی جیت حاصل کی۔رام جی کشیپ کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا جبکہ وی سبرامنی نے بہترین Attacker کا اعزاز حاصل کیا۔ سری لنکا کی ٹیم سے Sasinadu کو بہترین دفاعی کھلاڑی قرار دیا گیا۔

اس دوران بھارتی خواتین کی ٹیم نے اسی مقام پر بنگلہ دیش کو زبردست 109-16 کے اسکور سے ہرایا۔

اشونی شندے کو بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا جبکہ رتو رانی سین کو بہترین دفاعی کھلاڑی کا اعزاز دیا گیا۔ Magai Majhi کو بہترین Attacker قرار دیا گیا۔

ٹیم کی کوچ ڈاکٹر Munni Joone نے کہا کہ ٹیموں نے عالمی کپ کے لیے پہلے سے اچھی تیاری کی تھی۔ انھوں نے اپنی کامیابی کے پیچھے منصوبہ بند حکمتِ عملی اور مضبوط ٹیم ورک کو فعال عوامل قرار دیا۔

S/B Dr. Munni Joone, GNR Mail

بھارتیہ خواتین ٹیم کی کھلاڑی نازیہ بی بی نے ٹیم کی کامیابی کے سفر کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

S/B Dr. Nazia Bibi, GNR Mail

Cricket U19 Women's T20 WC

خواتین کا ICC انڈر-19 ٹی ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ 2025 آج سے ملیشیا میں شروع ہو رہا ہے۔ اس 15 روزہ عالمی کپ میں، 16 ٹیمیں، کُل 41 میچز کھیلیں گی۔ ٹیموں کو 4 گروپوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ دفاعی چیمپئن بھارت کو میزبان ملیشیا، سری لنکا اور ویسٹ انڈیز کے ساتھ گروپ-اے میں رکھا گیا ہے۔ خواتین کی بھارتی ٹیم کل ویسٹ انڈیز کے ساتھ ہونے والے مقابلے سے اپنی مہم کی شروعات کرے گی۔ عالمی کپ کے پہلے دن آج 6 دلچسپ میچز کھیلے جائیں گے۔×

Australian Open Tennis

ٹینس میں آسٹریلین اوپن میں، مردوں کے ڈبلز مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میں آج صبح بھارت کے این-سری رام بالا جی اور اُن کے میکسیکو کے جوڑی دار Miguel Angel Reyes-Varela کا سامنا Nuno Borges اور Francisco Cabral کی پُرتگالی جوڑی سے ہوگا۔ اس سے پہلے بھارت-میکسیکَن جوڑی نے پہلے راؤنڈ میں قزاخستان کے Aleksandr Nedovyesov اور نیدرلینڈ کے Robin Haase کی جوڑی کو سیدھے سیٹوں میں شکست دی۔

وہیں مِکسڈ ڈبلز مقابلوں میں بھارت کے روہن بوپنّا اور اُن کی چینی جوڑی دار Zhang Shuai سیدھے سیٹوں میں جیت کر دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔×

Badminton India Open

انڈین اوپن بیڈمنٹن ٹورنامینٹ میں، آج شام نئی دلی کے K.O جادھو انڈور اسٹیڈیم میں، مردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں بھارتی کھلاڑی چراغ شیٹی اور ستوک سائی راج رنکی ریڈی کی جوڑی کا مقابلہ ملیشیا کی تیسرے سیڈ کی کھلاڑی Goh Sze Fei اور نور عِزّالدین کی جوڑی سے ہوگا۔

کل شام کھیلے گئے کوارٹر فائنل میچ میں، اس بھارتی جوڑی نے جنوبی کوریا کی Jin Yong اور Kang Min-Hyuu پر مشتمل جوڑی کو اکیس-دس، اکیس سترہ سے ہرایا تھا۔

Israel Ceasefire Deal

اسرائیل کی سلامتی سے متعلق کابینہ نے حماس کے ساتھ جنگ بندی اور یرغمال افراد کی رہائی سے متعلق معاہدے کو منظوری دے دی ہے اور حکومت کو اسے قبول کرنے کی تجویز پیش کی ہے۔ یہ پیش رفت غزہ کی تاریخ میں سب سے مہلک ثابت ہوئے تنازعوں میں سے ایک کو ختم کرنے میں نہایت اہم قدم ثابت ہوگی۔ قطر، امریکہ اور مصر کی ثالثی والے سمجھوتے کے تحت جاری تشدد رُک جائے گا، جس کی وجہ سے دونوں جانب بڑی تعداد میں جانی نقصان ہوا ہے۔ اس معاہدے کا اطلاق کل اتوار کے روز سے ہوگا۔ اس کے تحت پہلی تین خواتین یرغمال افراد کو کل شام 4 بجے تک رہا کیے جانے کا امکان ہے۔ اسرائیل کے وزیر اعظم کے دفتر نے گزشتہ روز کہا کہ سلامتی سے متعلق کابینہ نے سبھی سفارتی، سکیورٹی اور انسانی پہلوؤں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے اس معاہدے کو قبول کرنے کی تجویز پیش کی ہے۔ سلامتی سے متعلق کابینہ کے مطابق مجوزہ سمجھوتہ، جنگ کے مقاصد کے حصول کی حمایت کرتا ہے۔×

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے کل تک بھارت کے شمال مغرب میں شدید گھنا کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق رات اور صبح کے وقت اترپردیش اور مغربی راجستھان کے کچھ حصوں میں آج تک اور پنجاب، ہریانہ اور چنڈی گڑھ میں کل تک یہی صورتحال برقرار رہے گی۔ اسی طرح آج اتراکھنڈ کے دوردراز کے علاقوں میں بھی گھنا کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS,

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر

شکریہ - شبانہ بیگم

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا اور ملاپ نے صدر جمہوریہ کے ہاتھوں کھیل رتن ایوارڈ کی تقسیم سے متعلق خبر کو خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔ جس میں کہا گیا ہے کہ محترمہ مرمو نے راشٹرپتی بھون میں منعقدہ ایک پروقار تقریب میں کھیل اور بہادری کے ایوارڈ 2024 پیش کیے جس میں 4 کھلاڑیوں کو کھیل رتن اور 32 کھلاڑیوں کو ارجن ایوارڈ سے نوازا گیا۔

آج کے بیشتر اخباروں نے وزیراعظم کے ذریعے دلی میں انڈیا موبلٹی گلوبل ایکسپو 2025 کے افتتاح کی خبر کو پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔ اس موقع پر جناب مودی نے کہا کہ سفر کو آسان اور محفوظ بنانا بھارت کی اہم ترجیح ہے۔

دلّی اسمبلی انتخابات کے لیے BJP کا سنکلپ پتر جاری، اس خبر پر آج کے زیادہ تر اخبارات نے توجہ مرکوز کی ہے، جس میں مہیلا سمردھی یوجنا کے تحت ہر خاتون کو 2500 روپے دینے اور غریبوں کو 500 روپے میں گیس سلینڈر فراہم کرنے کا وعدہ کیا گیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے نیول سیویلین ایئر سے متعلق منعقدہ ایک تقریب سے وزیر دفاع کے خطاب کی خبر کو اہمیت دی ہے جس میں جناب راجناتھ نے ضابطوں میں بین الاقوامی نظام میں ہنگامہ آرائی کے پیش نظر بھارت کے جارحانہ اور دفاعی رد عمل کو مضبوط کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

جبکہ روزنامہ انقلاب اور ہندوستان ایکسپریس سمیت کئی اخباروں نے چھتیس گڑھ میں سیکیورٹی فورسز کے تصادم میں 17 نکسلیوں کی ہلاکت اور پاکستان میں عمران خان کو 14 اور ان کی اہلیہ کو 7 سال کی سزا سنائے جانے سے متعلق خبروں کو اجاگر کیا ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی Svamitva اسکیم کے تحت آج 50 ہزار گاؤوں کے مستفیدین میں، 65 لاکھ سے زیادہ پراپرٹی کارڈز تقسیم کریں گے۔

2-     پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس صدر جمہوریہ کے خطاب کے ساتھ، 31 جنوری سے شروع ہوگا۔ مرکزی بجٹ ایک فروری کو پیش کیا جائے گا۔

3-     وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے، عالمی اُتھل پُتھل کے دوران ملک کے جارحانہ اور دفاعی ردِّ عمل کو مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

4-     بین الاقوامی مالیاتی فنڈ IMF نے، اگلے دو اقتصادی سالوں کے لیے بھارت کی شرح نمو کے ساڑھے چھ فیصد رہنے کے اپنے اندازے کو برقرار رکھا ہے۔

5-     امریکہ کی سپریم کورٹ نے، چینی پیرینٹ کمپنی کی جانب سے ٹِک ٹاک پلیٹ فارم کو فروخت نہ کیے جانے کی صورت میں، کل سے امریکہ میں ٹِک ٹاک پر عائد کی جانے والی پابندی کے قانون کو برقرار رکھا ہے۔

6-     اور کھو کھو عالمی کپ میں، نئی دلّی میں،

بھارت کے مردوں اور خواتین کی ٹیمیں سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔